روزنامہ
الفضل
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 23/اگست 2007ء 9 شعبان 1428 ہجری 23 ظہور 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 191

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اگر کوئی شخص ہماری جماعت میں سے طاعون سے فوت ہو جاوے تو اس قدر بے رحمی اور سرد مہری سے پیش آتے ہیں کہ جنازہ اٹھانے والا بھی نہیں ملتا۔ درحقیقت جیسا کہ قاضی امیر حسین صاحب نے لکھا ہے یہ مصیبت تو ماتم سے بھی بڑھ کر ہے۔ یاد رکھو۔ تم میں اس وقت دو اخوتیں جمع ہو چکی ہیں۔ ایک تو (۔) اخوت اور دوسری اس سلسلہ کی اخوت ہے۔ پھر ان دو اخوتوں کے ہوتے ہوئے گریز اور سرد مہری ہو تو یہ سخت قابل اعتراض امر ہے۔ .... یہ سرد مہری کیوں ہوتی ہے؟ دو باتوں کا لحاظ نہیں رکھا جاتا۔ افراط اور تفریط کا۔ اگر افراط اور تفریط کو چھوڑ کر اعتدال سے کام لیا جاوے تو ایسی شکایت پیدا نہ ہو۔ جبکہ .... (البلد :18) کا حکم ہے تو پھر ایسے مردوں سے گریز کیوں کیا جاوے؟ اگر کسی کے مکان کو آگ لگ جاوے اور وہ پکار فریاد کرے تو جیسے یہ گناہ ہے کہ محض اس خیال سے کہ میں نہ جل جاؤں اس مکان کو اور اس میں رہنے والوں کو جلنے دے اور جا کر آگ بجھانے میں مدد نہ دے ویسے ہی یہ بھی معصیت ہے کہ ایسی بے احتیاطی سے اس میں کود پڑے کہ خود جل جاوے۔ ایسے موقعہ پر احتیاط مناسب کے ساتھ ضروری ہے کہ آگ بجھانے میں اس کی مدد کرے۔

پس اس طریق پر یہاں بھی سلوک ہونا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ نے جابجا رحم کی تعلیم دی ہے یہی اخوت (۔) کا منشاء ہے۔ اللہ تعالیٰ نے صاف طور پر فرمایا ہے کہ تمام (۔) مومن آپس میں بھائی ہیں۔ ایسی صورت میں کہ تم میں (۔) اخوت قائم ہو اور پھر اس سلسلہ میں ہونے کی وجہ سے دوسری اخوت بھی ساتھ ہو۔ یہ بڑی غلطی ہو گی کہ کوئی شخص مصیبت میں گرفتار ہو اور قضاء وقدر سے اسے ماتم پیش آ جاوے تو دوسرا تجہیز وتکفین میں بھی اس کا شریک نہ ہو۔ ہرگز ہرگز اللہ تعالیٰ کا یہ منشاء نہیں ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ جنگ میں شہید ہوتے یا مجروح ہو جاتے تو میں یقین نہیں رکھتا کہ صحابہؓ انہیں چھوڑ کر چلے جاتے ہوں یا پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم اس بات پر راضی ہو جاتے کہ وہ ان کو چھوڑ کر چلے جاویں۔

میں سمجھتا ہوں کہ ایسی وارداتوں کے وقت ہمدردی بھی ہو سکتی ہے اور احتیاط مناسب بھی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ اول تو کتاب اللہ سے یہ مسئلہ ملتا ہی نہیں کہ کوئی مرض لازمی طور پر دوسرے کو لگ بھی جاتی ہے۔ ہاں جس قدر تجارب سے معلوم ہوتا ہے اس کے لئے بھی نصِ قرآنی سے احتیاط مناسب کا پتہ لگتا ہے۔ جہاں ایسا مرکز وبا کا ہو کہ وہ شدت سے پھیلی ہوئی ہو۔ وہاں احتیاط کرے۔ لیکن اس کے بھی یہ معنے نہیں کہ ہمدردی ہی چھوڑ دے ....

خدا تعالیٰ نے دو ہی قسم کے حقوق رکھے ہیں حقوق اللہ اور حقوق العباد۔ جو شخص حقوق العباد کی پروا نہیں کرتا وہ آخر حقوق اللہ کو بھی چھوڑ دیتا ہے کیونکہ حقوق العباد کا لحاظ رکھنا یہ بھی تو امر الٰہی ہے جو حقوق اللہ کے نیچے ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 269)

اخلاق کی تقسیم

حضرت ابن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

اللہ تعالیٰ نے تمہارے درمیان اخلاق کو اسی طرح تقسیم فرمایا ہے جس طرح رزق کو تقسیم کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ تو اس کو بھی دیتا ہے جسے وہ پسند کرتا ہے اور اسے بھی جسے ناپسند کرتا ہے مگر دین صرف اس کو دیتا ہے جسے وہ پسند کرتا ہے پس جسے خدا دین عطا کرتا ہے تو اس سے اپنی محبت کا اظہار کرتا ہے۔

(مسند احمد حدیث نمبر:2490)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔
''بغیر لحاظ مذہب ملت کے تم لوگوں سے ہمدردی کرو۔''
(نور القرآن۔ روحانی خزائن جلد 9 صفحہ 434)

یتامیٰ کا حق

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

''اپنے ملکوں میں یتامیٰ کو سنبھالیں، مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ جماعت میں مالی لحاظ سے مضبوط حضرات اس نیک کام میں حصہ لیں گے اور انشاء اللہ تعالیٰ ہمیں ان کے سنبھالنے میں جو اخراجات ہوں گے ان میں کوئی کمی نہیں آئے گی ...... اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم یتامیٰ کا جو حق ہے اس کو ادا کر سکیں''

(خطبات مسرور جلد دوم صفحہ 65)

(سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دار الضیافت ربوہ)

نمایاں کامیابی

مکرم محمد طارق محمود صاحب صدر دار العلوم شرقی نور الف تحریر کرتے ہیں۔

ہمارے محلّہ کے طالب علم فرحان رفیق ابن مکرم رفیق احمد رانا صاحب نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ نے فیصل آباد بورڈ میں جنرل سائنس بوائز میں 860/1100 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ اعزاز اس کیلئے مبارک کرے اور مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

بندش بجلی

جملہ صارفین ڈاور فیڈر کو مطلع کیا جاتا کہ مورخہ 23 اور 30۔ اگست کو بسلسلہ ضروری مرمت صبح 9:00 سے دوپہر 3:00 بجے تک بجلی بند رہے گی جس سے مندرجہ ذیل علاقہ جات متاثر ہونگے۔ مسلم کالونی، دار النصر، دار العلوم، دار الشکر، چھنیاں، دار البرکات رحمٰن کالونی، بیوت الحمد، نصیر آباد، ڈاور

(اسسٹنٹ مینیجر فیسکو ربوہ)

نماز جنازہ حاضر و غائب

مکرم منیر احمد صاحب جاوید پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے مورخہ 15۔اگست 2007ء کو قبل نماز عصر بمقام بیت الفضل لندن درج ذیل افراد کی نماز جنازہ حاضر و غائب پڑھائی۔

نماز جنازہ حاضر

مکرم ریاض احمد صاحب

مکرم ریاض احمد صاحب فیصل آباد جلسہ سالانہ یو۔کے پر آئے تھے اور اچانک حرکت قلب بند ہونے سے 12۔اگست 2007ء کو وفات پا گئے۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ دو بیٹیاں اور تین بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔ آپ کی اہلیہ اور بچے بھی آپ کے ساتھ جلسہ پر آئے ہوئے تھے۔ آپ کی تدفین کا پروگرام پاکستان میں ہے۔

نماز جنازہ غائب

(1) مکرمہ صالحہ درد صاحبہ

مکرمہ صالحہ درد صاحبہ کیولری گراؤنڈ لاہور کینٹ 16۔اپریل 2007ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔ مرحومہ دارالمسیح قادیان میں حضرت سیدہ ام طاہر کے مکان میں 1929ء میں پیدا ہوئیں۔ مرحومہ حضرت مولانا عبدالرحیم درد صاحب کی صاحبزادی اور حضرت منشی عبداللہ سنوری صاحب کی نواسی تھیں۔ لمبے عرصہ تک مختلف حیثیتوں میں پہلے قادیان اور پھر لاہور میں جماعتی خدمتوں کی توفیق پائی۔ 1982ء سے 2003ء تک آپ لجنہ لاہور کی جنرل سیکرٹری کے طور پر کام کرتی رہیں۔ آپ ایک باذوق شاعرہ بھی تھیں۔

(2) مکرم سید محمد میاں سلیم شاہجہانپوری

مکرم سید محمد میاں سلیم شاہجہانپوری صاحب کراچی طویل علالت کے بعد 5۔اگست 2007ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ پاکستان ہجرت کے بعد نواب شاہ ضلع سندھ میں رہائش اختیار کی اور ایک طویل عرصہ بحیثیت صدر نواب شاہ جماعت کی خدمت کی توفیق پائی۔ آپ کی ادبی کاوشوں سے تمام جماعت واقف ہے اور آپ کے کلام سے بذریعہ الفضل اور دیگر جماعتی رسائل و جرائد محظوظ ہوتی رہی ہے۔ ’’شعرائے احمدیت‘‘ آپ کی آخری تصنیف ہے جو آپ نے انتہائی بیماری کی حالت میں مکمل کی۔ مرحوم موصی تھے تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ میں ہوئی۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ تین بیٹیاں اور تین بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

(3) مکرمہ شمس النساء صاحبہ

مکرمہ شمس النساء صاحبہ اہلیہ مکرم سید عبدالجبار صاحب مرحوم مونگھیر، بہار انڈیا 26 جولائی کو 81 سال کی عمر میں بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔ مرحومہ نیک مخلص، صوم و صلوٰۃ کی پابند، دعا گو اور مہمان نواز خاتون تھیں۔ مرحومہ موصیہ تھیں۔ بہشتی مقبرہ قادیان میں تدفین عمل میں آئی۔ پسماندگان میں دو بیٹیاں اور چار بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

(4) مکرمہ منصورہ طاہر صاحبہ

مکرمہ منصورہ طاہر صاحبہ اہلیہ مکرم طاہر احمد صاحب سائیکل ہاؤس نیلا گنبد لاہور 27۔اپریل 2007ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔ مرحومہ عرصہ آٹھ سال سے سیکرٹری تربیت کے طور پر خدمت سر انجام دے رہی تھیں۔ وفات سے تین ماہ قبل تک اپنی ذمہ داریاں بخوبی نبھاتی رہیں۔ جب بھی کبھی جماعت کی طرف سے کوئی حکم ملتا یا خلیفہ وقت کی طرف سے کوئی تحریک ہوتی تو آپ سب سے پہلے اس پر عمل کرنے کی کوشش کرتی تھیں۔ مرحومہ نے پسماندگان میں دو بیٹیاں اور ایک بیٹا یادگار چھوڑے ہیں۔

(5) مکرمہ عزیزہ بیگم صاحبہ

مکرمہ عزیزہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری عبدالغفور صاحب دارالفتوح شرقی ربوہ 28۔جون 2007ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔ مرحومہ پنجگانہ نماز کا التزام باقاعدگی سے کرتی تھیں۔ تہجد گزار، غریب پرور اور ملنسار تھیں۔ جمعۃ المبارک کے روز بیت اقصیٰ ربوہ میں ڈیوٹی دیتی رہیں۔ پسماندگان میں میاں کے علاوہ دو بیٹیاں اور پانچ بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

(6) مکرم چوہدری نواب دین بھٹی صاحب

مکرم چوہدری نواب دین بھٹی صاحب بھرو کے کلاں، ڈسکہ ضلع سیالکوٹ 17 مئی کو 85 سال کی عمر میں بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مرحوم نے اور ان کی اہلیہ نے 1964ء میں بیعت کی اور ساتھ ہی آپ کے دو بھائیوں نے بھی بیعت کی سعادت حاصل کی۔ جس کے بعد یہاں مقامی جماعت کا قیام عمل میں آیا اور آپ جماعت کے پہلے صدر مقرر ہوئے۔ تھوڑے عرصہ بعد ٹی بی کا حملہ ہوا۔ ایک مخالف نے نعرہ لگایا کہ یہ احمدی ہونے کی وجہ سے پکڑا گیا۔ تب آپ نے دعا کی ’’الٰہی اگر میں اس مرض میں مر گیا تو دشمن خوش ہوگا‘‘ چنانچہ اس دعا کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو معجزانہ شفاء عطا فرمائی اور دوبارہ پھر کبھی آپ پر اس مرض کا حملہ نہیں ہوا۔ آپ مخلص، باعمل اور جماعت کی خاطر فدائیت کا جذبہ رکھنے والے نیک انسان تھے۔

(7) مکرم بشارت احمد صاحب

مکرم بشارت احمد صاحب ابن مکرم حضرت میاں عبدالکریم صاحب رفیق حضرت مسیح موعود 11۔اگست کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں 85 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ مرحوم نے فتح پور ضلع گجرات میں بطور صدر جماعت خدمت کی توفیق پائی۔ آپ کچھ عرصہ جرمنی میں بھی مقیم رہے اس دوران آپ نے اپنے گھر کو نماز اور جمعہ کی ادائیگی کیلئے بطور سنٹر وقف کیا ہوا تھا آپ ایک نیک مخلص اور باوفا انسان تھے۔ پسماندگان میں ایک بیٹی اور چار بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔ آپ کے ایک بیٹے مکرم منور احمد خورشید صاحب (واقف زندگی) مربی سلسلہ ہیں۔

(8) مکرم احمد حسین شاہد صاحب

مکرم احمد حسین شاہد صاحب واقف زندگی انسپکٹر اصلاح وارشاد مرکزیہ ربوہ 4۔اگست کو ہارٹ اٹیک سے فضل عمر ہسپتال ربوہ میں وفات پا گئے۔ مرحوم لمبے عرصہ سے اصلاح وارشاد مرکزیہ میں بطور انسپکٹر خدمت کی توفیق پا رہے تھے۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ 3 بیٹے یادگار چھوڑے ہیں جن میں سے ایک بیٹا جامعہ احمدیہ میں تعلیم حاصل کر رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین سے مغفرت کا سلوک فرماتے ہوئے ان کے درجات کو بلند تر فرمائے اور لواحقین کا ان کے بعد خود نگہبان ہو۔ آمین

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم محمد اعظم اکسیر صاحب ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

حضرت اقدس مسیح موعود کے رفیق حضرت ڈاکٹر ظفر حسن صاحب کے پوتے اور محترم ملک مظفر احمد صاحب آف مغلپورہ لاہور کے فرزند محترم ملک محمود احمد صاحب ایڈووکیٹ آف گوجرانوالہ حال مسی ساگا کینیڈا کے بڑے بیٹے عزیزم ملک محمد احمد صاحب (نیو لائف ڈیبٹ سلیوشن) کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 15۔اگست 2007ء کو پہلا بیٹا عطا کیا ہے نومولود کا نام رائم احمد ملک تجویز ہوا ہے جو محترم بشیر احمد صاحب سیٹھی ٹاؤن پشاور کا نواسہ ہے۔ احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ مولیٰ کریم رفیق مسیح موعود کے ایک پوتے کے اس پہلے پوتے کو اپنے فضل سے بہترین نشوونما کے بعد دین و دنیا کیلئے مفید وجود بنائے۔ آمین

ولادت

مکرم جاوید ناصر ساقی صاحب مربی سلسلہ دارالضیافت ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے چھوٹے بھائی مکرم طاہر پرویز صاحب محلّہ دارالعلوم وسطی ربوہ کو خدا تعالیٰ نے ایک بیٹے لبید احمد اور بیٹی فتح طاہر کے بعد مورخہ 31 جولائی 2007ء کو دوسری بیٹی سے نوازا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بیٹی کا نام شافیہ طاہر عطا فرمایا ہے۔ بچی وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے نومولودہ مکرم حکیم محمد یار صاحب کی پوتی، مکرم بشیر احمد صاحب بلوچ کارکن فضل عمر ہسپتال ربوہ کی نواسی اور مکرم محمد مختار صاحب کارکن مرکزی دفتر ایم ٹی اے لندن کی بھتیجی ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولودہ کو صحت والی زندگی دے نیز نیک لائق، خادمہ دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔

سانحہ ارتحال

مکرم حنیف احمد شاہد صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی والدہ محترمہ کلثوم بیگم صاحبہ زوجہ مکرم چوہدری محمد شریف صاحب بند تیچھہ آف موسیٰ والا ضلع سیالکوٹ حال مقیم دارالیمن شرقی ربوہ مورخہ 19۔اگست 2007ء کو فضل عمر ہسپتال میں وفات پا گئیں۔ مرحومہ قریباً ایک ماہ سے کومہ کی حالت میں تھیں۔ نہایت دعا گو، عبادت گزار اور مالی قربانی میں پیش پیش، غریب پرور تھیں بفضل اللہ تعالیٰ موصیہ تھیں۔ مرحومہ کا جنازہ مورخہ 20۔اگست کو صبح ساڑھے آٹھ بجے احاطہ صدر انجمن احمدیہ میں محترم حنیف احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے پڑھایا۔ بعد تدفین آپ نے ہی دعا کروائی۔ مرحومہ نے اپنے پیچھے 4 بیٹے اور 4 بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ خاکسار کے علاوہ باقی بیٹے بیرون ملک قیام پذیر ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور جملہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرماوے۔ آمین

نکاح

مکرم ملک پرویز احمد خالد صاحب سرگودھا تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ سائرہ جبیں صاحبہ کے نکاح کا اعلان مورخہ 3۔اگست 2007ء کو مکرم متین احمد شہزاد صاحب ابن مکرم قریشی احمد حسن صاحب مرحوم سرگودھا سے محترم محمود احمد انجم صاحب مربی سلسلہ نے مبلغ دو لاکھ روپے حق مہر پر کیا۔ مکرمہ سائرہ جبیں صاحبہ مکرم محمد عبداللہ صاحب مرحوم سابق امیر جماعت بھیرہ کی پوتی ہیں جبکہ مکرم متین احمد شہزاد صاحب حضرت قریشی غلام حسین صاحب بھیروی رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ یہ رشتہ جماعت کیلئے اور دونوں خاندانوں کیلئے باعث برکت ہو۔

الفضل کی توسیع اشاعت میں ہمارے ساتھ تعاون کریں۔
(مینیجر الفضل)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

تبرکات .... مکرم چوہدری محمد انور حسین صاحب

زراعت قرآن کریم کی روشنی میں

نظام عالم میں زراعت کو اولین اہمیت حاصل ہے نہ صرف یہ کہ دنیا کی آبادی کی عظیم اکثریت کی معیشت کا یہ سہارا ہے بلکہ آئندہ دنیا کی بقا اسی کے ساتھ وابستہ ہے۔قلت خوراک کے عالمی بحران نے اس مسئلہ کی اشد ترین ضرورت کی طرف تمام دنیا کی نگاہوں کو مرکوز کر لیا ہے۔امن عالم کے قیام کے لحاظ سے بھی فروغ زراعت کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ مختلف نظام معیشت جو دو بین الاقوامی بلاکس میں قائم ہیں ان کی بنیاد زیادہ تر زمین اور زمین کی پیداوار کے وسائل اور ذرائع اور ملکیت زمین کے مختلف نظریات پر ہی ہے۔

مختلف قوموں کی اقتصادی برتری اور دوسری پسماندہ قوموں کا یا ترقی پذیر قوموں کا ان کے دست نگر ہونا بہت حد تک زرعی پیداوار کی کثرت اور قلت کی وجہ سے ہے۔ ضبطِ تولید کا مسئلہ بھی جس کے اخلاقی اور روحانی پہلو محل نظر ہیں بھی خوراک کی پیداوار کی وجہ سے رونما ہوا ہے۔

روحانی لحاظ سے بھی زراعت کو باقی تمام پیشوں سے زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ایک کاشتکار جس طرح ہر روز صبح سے شام اور شام سے صبح تک اپنی ہر محنت اور کوشش اور جدوجہد کے اور ان اللہ تعالیٰ کی صفات کا مشاہدہ کرتا ہے اور جس طرح قادر خدا کی قدرتیں اور صفات اس کے تجربہ میں آتے ہیں کسی دیگر پیشہ ور کو اتنا واضح نمایاں اور متواتر مشاہدہ نہیں ہوتا۔

قرآن کریم نے روحانی پہلو کو مقدم رکھتے ہوئے زراعت اور کاشتکاری کے مختلف مدارج کو نہایت ہی حسین اور دلچسپ رنگ میں بیان کیا ہے۔مثلاً فرمایا:۔

اللہ تعالیٰ وہ ہستی ہے جس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اور بادلوں سے پانی اتار کر اس کے ذریعہ سے تمہارے لئے پھلوں کی قسم سے رزق پیدا کیا ہے۔

(سورۃ ابراہیم آیت:33)

اسی طرح فرمایا:۔

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی اتارا ہے پھر اس کو زمین میں سے چشمے بنا کر چلایا ہے۔ پھر وہ اس کے ذریعہ سے مختلف رنگوں کی کھیتی اگاتا ہے پھر وہ پکنے پر آ جاتی ہیں۔تو تُو اُسے زرد زرد دیکھتا ہے۔پھر اللہ تعالیٰ اس کو خس و خاشاک کی طرح کر دیتا ہے۔اس میں عقلمندوں کے لئے بڑی نصیحت ہے۔

(سورۃ زمر آیت:22)

علاوہ ازیں زراعت کے فروغ زرعی پیداوار میں اضافہ۔طریقۂ کاشت اور تحفظ اراضی کے متعلق بھی قرآن مجید کی واضح ہدایات ہیں۔ دراصل زراعت ایک سائنس ہے بلکہ مختلف سائنسی علوم کا مجموعہ ہے۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ قرآن کریم خدا تعالیٰ کا کلام ہے اور سائنس خدا تعالیٰ کا فعل ہے اور اللہ تعالیٰ کے فعل یعنی سائنس کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ کے قول یعنی قرآن مجید کے علوم زیادہ سے زیادہ منکشف ہوتے ہیں۔زراعت میں جو بھی ترقی ہوئی ہے اور پیداوار میں جو بڑے ہی نمایاں اضافے ہوئے ہیں اور قرآن کریم کے بیان کردہ اصول اور نظریات کی روشنی کے مطابق ہوئے ہیں۔اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:۔

اور ہر ایک چیز کے ہم نے نر و مادہ بنائے ہیں تا کہ تم نصیحت حاصل کرو۔

(سورۃ ،ذاریات آیت:50)

پھر فرمایا:۔

اور تمام اقسام کے پھلوں سے دونوں قسمیں یعنی (نر و مادہ) بنائی ہیں۔(سورۃ رعد آیت نمبر 4)

اس طرح فرمایا۔

ترجمہ:۔اور اس نے آسمان سے پانی اتارا پھر (تو ان سے یہ بھی کہہ دے کہ) ہم نے اس پانی کے ذریعہ سے مختلف قسم کی روئیدگیوں کے جوڑے پیدا کئے ہیں۔

(سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 54)

اس زوجین اور نر مادہ کے نظریہ کی روشنی میں سائنسدان ریسرچ کرنے کے بعد مختلف بیجوں اور مختلف پودوں کو ایجاد کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ یہ فارمی مکئی۔ فارمی کماد۔ فارمی گندم۔ فارمی کپاس۔ فارمی منجی۔ فارمی چری۔سب اس تجربہ کے نتیجہ میں ایجاد ہوئی ہیں۔ مختلف بیجوں کے Gross Breed سے ہی ایسے بیج پیدا کئے گئے ہیں جن کی وجہ سے پیداوار میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔

قرآن کریم نے محض نظریات اور اصول ہی بیان نہیں فرمائے بلکہ یہ خوشخبری بھی دی ہے کہ اگر ان اصولوں اور نظریات کی روشنی میں جستجو اور تحقیق کی جائے تو یقینی طور پر بے شمار اضافہ زرعی پیداوار میں ہو سکتا ہے۔قرآن کریم فرماتا ہے کہ

غلہ کی زیادتی کے بہت زیادہ امکانات موجود ہیں۔ بتایا گیا کہ بعض حالات میں یہ ممکن ہے کہ ایک دانہ سات بالیں نکالے اور ہر بالی میں ایک ایک سو دانہ ہو۔یعنی ایک دانہ سات سو گنا ہو جائے یا ایک من بیج سے سات سو من گندم پیدا ہو اور پھر اس پر بھی بس نہیں اللہ تعالیٰ چاہے تو اس سے بھی زیادہ بڑھا دے۔

(سورۃ البقرہ آیت:262)

اگر پیداوار میں اس قدر اضافہ ہو جائے تو خوراک کی قلت اور آبادی کے بڑھنے کے امکان سے جو خطرات پیدا ہوتے ہیں اور جو مایوسی اور پریشانی بڑھتی ہے اور امن کے برباد کرنے کا موجب ہوتی ہے اس کا خطرہ ایک دم ختم ہو جاتا ہے جس طرح سے نئے نئے بیج ایجاد ہوتے ہیں۔ زراعت کے وسائل میں ترقی ہوتی ہے۔وہ دن دور نظر نہیں آتے جب یہ قرآنی خوشخبری بھی منصۂ شہود پر آ جائے گی۔

قرآن کریم نے طریقۂ کاشت بھی بیان فرمایا ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

ترجمہ:۔پس چاہئے کہ انسان اپنے کھانے کی طرف دیکھے (اور دیکھے کہ) ہم نے بادلوں سے پانی کو خوب برسایا ہے پھر زمین کو خوب پھاڑا ہے یعنی دانہ اگانے کے قابل بنایا ہے۔ چنانچہ اس پھاڑنے کے نتیجہ میں اس میں قسم قسم کے دانے اگائے ہیں اسی طرح انگور اور سبزیاں نیز زیتون اور کھجوریں اور اس کے ساتھ ہی گھنے باغات بھی اور میوے بھی اور خشک گھاس اور جھاڑیاں بھی (یہ سب) تمہارے اور تمہارے جانوروں کے لئے (پیدا کیا گیا ہے۔)

سورۃ عبس آیات نمبر 25 تا 33)

اس آیت میں کاشتکاری کے نہایت ہی مفید طریقے بیان کئے گئے ہیں۔ بہترین بیج تیار کرنے کے بعد سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس کی کاشت کس طرح ہو۔ سب سے پہلے زمین کو پانی سے خوب سیراب کیا جائے پھر زیادہ سے زیادہ اس کو پھاڑا جائے یعنی زیادہ سے زیادہ اس میں ہل چلایا جائے یعنی جتنی دفعہ ہل چلایا جائے گا اور زمین کو زیادہ سے زیادہ پھاڑا جائے گا اسی نسبت سے زمین کی پیداوار میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔ جو کاشتکار ایک دو تین دفعہ ہل چلا کر ہی بیج بو دیتے ہیں وہ پورا فائدہ اٹھانے سے قاصر رہ جاتے ہیں ان کی پیداوار قلیل رہتی ہے اور جتنا کوئی زیادہ دفعہ ہل چلا کر کاشت کرتا ہے اتنا ہی اس کی پیداوار بڑھ جاتی ہے۔

اب زمین کی پیداوار کے استعمال سے زمین کی طاقت کم ہونی شروع ہوتی ہیں اور کئی قسم کی خرابیاں اس میں پیدا ہونی شروع ہو جاتی ہیں۔اس کے ازالہ کے متعلق بھی قرآن کریم نے روشنی ڈالی ہے۔جیسے کہ فرمایا:۔

ترجمہ:۔اور تو زمین کو دیکھتا ہے کہ وہ (کبھی کبھی) اپنی سب طاقت کھو بیٹھتی ہے پھر جب ہم اس کے اوپر پانی نازل کرتے ہیں تو وہ جوش میں آ جاتی ہے اور بڑھنے لگتی ہے اور ہر قسم کی خوبصورت کھیتیاں اگانے لگتی ہے۔(سورۃ حج آیت نمبر 6)

زمین کی طاقت کے کم ہونے اور اس میں خرابیاں پیدا ہونے کا بہترین علاج پانی ہے۔ تجربات سے یہ ثابت ہوا ہے کہ زمین کی طاقت کو بحال کرنے کے لئے پانی بہت بڑا ذریعہ ہے۔ریکلیمیشن ہوتی ہی پانی کے ذریعہ سے ہے۔ لاکھوں ایکڑ اراضی جو ریکلیم کی گئی ہے وہ محض پانی زیادہ دینے کی وجہ سے کی گئی ہے۔

قرآن کریم نے دینی زرعی نظام کا بھی تصور پیش کیا ہے۔ جو نظام انسانی وقار اور آزادئ ضمیر کو برقرار رکھتے ہوئے بہتر پیداوار کا ضامن ہے۔ اس وقت دو زرعی نظام رائج ہیں ان میں سے ایک نظام اشتراکیت کا نظام ہے جو عرصہ پچاس سال سے رائج ہے اور کافی حد تک دنیا کے وسیع طبقہ پر اثر انداز رہا ہے۔اب اس نظام کی خرابیاں اس کے دعویداروں پر عیاں ہونی شروع ہو گئی ہیں۔ روس والے اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ ہم مجبور کر کے پابندی کے ساتھ کاشتکاروں سے کام لے کر کاشت کی پیداوار بڑھا نہیں سکتے جب تک کاشتکار کا مفاد اور اس کی ذاتی منفعت محرک نہ ہو اس وقت تک دلجمعی محرک نہیں ہو سکتا۔ اب انہیں اپنے نظام میں تبدیلی کرنی پڑی ہے۔

دوسری طرف سرمایہ داری کا نظام ہے۔ جہاں بڑے بڑے وسیع براعظموں مثلاً آسٹریلیا۔ نیوزی لینڈ۔ کینیڈا اور افریقہ کے وسیع علاقوں میں لاکھوں اور کروڑوں ایکڑ زمین بنجر اور بے آباد پڑی ہے۔ان ملکوں کی آبادی بہت کم ہے اور زمین بہت وسیع ہے اور انہوں نے براعظموں میں داخلے پر ناجائز اور غلط پابندیاں لگائی ہوئی ہیں اور غیر متوازن اقتصادیات کا موجب بن کر امن عالم کے لئے خطرہ پیدا کر دیا ہے۔قرآن کریم نے جو نظام پیش کیا ہے اس میں بنیادی اصول یہ ہے کہ اصل زرعی وسائل کا مالک خدا ہے اور زمین میں جو کچھ بھی ہے وہ سب کے فائدے کے لئے ہے۔ قرآن کریم نے ان حدود کے اندر افراد کی مستعار اور محدود ملکیت زمین کو تسلیم کیا ہے جیسے کہ فرمایا:۔

اور اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض سے رزق میں بڑھایا ہوا ہے اور جن لوگوں کو فضیلت دی گئی ہے وہ اپنا (مقبوضہ) رزق (کسی صورت میں بھی) ان کی طرف جن پر ان کے داہنے ہاتھ قابض ہیں لوٹانے والے نہیں جس کا نتیجہ یہ ہو کہ وہ اس میں برابر کے (حصہ دار) ہو جائیں۔ پھر کیا وہ (اس حقیقت کے جاننے کے باوجود) اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں۔

(النحل آیت نمبر 72)

یہی ایک نظام ہے کہ جس میں انسان روحانی اور اخلاقی بلندیاں حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ زیادہ سے زیادہ زمین اور اس کے وسائل سے پیداوار میں اضافہ کرتا چلا جا سکتا ہے۔ یہ ایک بہت وسیع مضمون ہے جس کی تفصیل اس قلیل وقت میں بیان نہیں کی جا سکتی۔

کسی مذہب نے اس طرح سے مادی وسائل کے استعمال اور ان کے متعلق جستجو اور جدوجہد کی تحریک اور تفصیل بیان نہیں کی۔ ایک مومن بندہ جب اس تعلیم پر غور کرتا ہے اور محسوس کرتا ہے کہ قرآن کریم نے روحانی رفعتیں حاصل کرنے کے ذرائع اور وسائل اور طریقے بیان کرنے کے علاوہ دنیاوی فلاح و بہبود کے لئے کیسی اعلیٰ و ارفع تعلیم دی ہے۔ تو اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور احسانوں کا احساس کر کے اس کا دل بہلنے لگتا ہے اور پھر جب ایک مومن کاشتکار یہ دیکھتا ہے کہ کس طرح سے اس کی ترقی کامیابی اور خوشحالی کے سامان پیدا کئے گئے ہیں اور پھر جب وہ اللہ تعالیٰ کی صفات کا اپنی روزمرہ کی زندگی میں مشاہدہ کرتا ہے تو اس کی روح سجدہ ریز ہو جاتی ہے ایک مومن زمیندار جب دیکھتا

(باقی صفحہ 6 پر)

آرکیٹیکٹ بشیرالدین کمال صاحب

کچھ باورچی خانہ کے متعلق

باورچی خانہ کو گھر میں خاص اہمیت حاصل ہے اور یہ گھر کا نہایت اہم حصہ ہے۔ اس کی منصوبہ بندی میں بڑی دانشمندی کی ضرورت ہے۔ اس کو خاص کمروں سے دور اس طرح بنایا جائے کہ بو وغیرہ گھر میں نہ جائے۔ اس کے لئے مشرق یا شمال مشرق کی سمت بہتر رہتی ہے۔ لہٰذا اس کو زیادہ روشن اور ہوادار ہونا چاہئے اس لئے بڑی بڑی کھڑکیاں مہیا کی جائیں۔ خاص طور پر سنک (Sink) اور چولہے کے قریب روشندان اور ایگزاسٹ پنکھے لگانا ضروری ہیں۔ چونکہ دھوپ سے جراثیم مرتے ہیں اور نمی دور ہوتی ہے اس لئے دن میں ایک دفعہ دھوپ اندر ضرور جانی چاہئے۔

گھر کی مالکن کا بیشتر وقت باورچی خانہ میں گزرتا ہے۔ اس لئے ایسی جگہ پر ہو جہاں سے گھر پر نظر رکھی جاسکے اور بچے بھی نظر میں رہیں۔ کبھی کبھی ایک دو آدمی ناشتہ یا کھانا حسب ضرورت کھاسکیں۔ اس کے علاوہ کھانا آسانی سے کھانے کی میز پر پہنچایا جاسکے۔

باورچی خانہ چھوٹا یا بڑا حسب ضرورت ہو۔ چوکور یا مستطیل ہوسکتا ہے۔ لیکن اس کے اندر فٹنگ وغیرہ یو (U) شکل میں ہوگی۔ جیسا کہ اندرونی ویو (Internal View) سے ظاہر ہے۔ باورچی خانہ اگر لاؤنج یا طعام گاہ کے ساتھ ہے تو بغیر دروازے کے محراب (Arch) کے ذریعہ بھی خوبصورتی سے ملایا جاسکتا ہے۔ ایک دو تین آدمیوں کے استعمال کے لئے چھوٹا کچن الماری کی شکل میں زولر شٹر کے ساتھ مہیا کیا جاسکتا ہے یا پھر برآمدہ راستے یا کمرے کی چھوٹی ایک دیوار پر مکمل بنایا جاسکتا ہے۔

آجکل باورچی خانہ کو ضرورت کے مطابق بنانا ایک فن ہے۔ جدید باورچی خانہ اس طرح بنایا جاتا ہے کہ فرش اور دیوار کی ایک ایک جگہ استعمال میں آجائے۔ زیادہ استعمال کی چیزیں مثلاً چولہا۔ سنک اور فریج اس طرح فٹ کئے جائیں کہ کام کرنے والے کو کم سے کم چلنا پڑے۔ بلکہ فریج ڈائننگ روم (Dining Room) میں زیادہ بہتر رہے گا۔

باورچی خانہ کا سائز خاندان کے افراد، عادات، ضرورت اور نقشہ میں موزونیت کے مطابق ہوتا ہے۔ یہ طے کرنا ضروری ہے کہ باورچی خانہ میں کون کون سے امور سرانجام دینے ہیں اور بیک وقت کتنے زیادہ سے زیادہ آدمی اسے استعمال کریں گے۔ مندرجہ ذیل چیزوں کو مدنظر رکھ کر ایک اچھا باورچی خانہ ترتیب دیا جاسکتا ہے۔

1۔ کچن میں کام کرنے والوں کی تعداد
2۔ کچن میں کھانے کی جگہ
3۔ کچن میں استعمال کی چیزیں مثلاً فریج، فریزر، اوون (Oven)۔ برتن دھونے کی جگہ، مکسر، گرائنڈر، قیمہ کی مشین، ٹوسٹر وغیرہ وغیرہ
4۔ کھانا پکانے کی چیزیں مثلاً بھگونے، دیگچے، کڑاہی، فرائی پان، چمچے، گوشت بنانے کی لکڑی اور چھرے وغیرہ
5۔ کھانا بنانے کا سامان، اناج، گھی، تیل، مسالے وغیرہ۔
6۔ واشنگ مشین (اگر ضروری رکھنی ہو) ویکم کلینز، جھاڑو، وائپر، صافی، بالٹی وغیرہ
7۔ ٹیلیفون، ریڈیو، ٹیپ، فرسٹ ایڈ باکس اور آگ بجھانے کا آلہ وغیرہ

آجکل کھڑے ہو کر کام کرنے کے لئے دیوار کے ساتھ الماریاں بنائی جاتی ہیں جن پر ٹائلز، فارمیکا یا سنگ مرمر لگایا جاتا ہے تاکہ کام کرنے سے چیزوں کی رگڑ، پانی اور گرم اشیاء کا اثر نہ ہو سکے۔ اوون، فریج، واشنگ مشین، سنک وغیرہ بھی الماریوں کے ساتھ فٹ کرائے جاسکتے ہیں۔ چھوٹے فریج اور اوون نگاہ کی اونچائی پر لگائے جاسکتے ہیں۔ یہ چیزیں ملتے جلتے رنگ میں ہوں تو خوبصورت لگتی ہیں۔

دیوار کے ساتھ الماری پونے تین فٹ سے تین فٹ تک اونچی بطور میز کے کام کے لئے 16 انچ سے 24 انچ چوڑائی کے ساتھ بنائی جاتی ہے۔

اس کے اندر سامان رکھنے کے لئے درازیں اور مناسب جگہ مہیا کی جاتی ہے۔ اسی طرح دیوار پر تقریباً 7 فٹ تک اونچی اور عموماً 13 انچ چوڑی الماریاں بنائی جاتی ہیں۔ سنک اور چولہے کے دونوں اطراف تقریباً 20 انچ جگہ برتنوں اور کام کے لئے مہیا کرنا بہتر ہے۔

اگر آمنے سامنے کی دیواروں پر الماریاں بنانا ہوں تو دیواروں کے درمیان تقریباً 8 فٹ فاصلہ ضروری ہے۔ اگر الماریوں میں ایسا سامان رکھنا ہو جس کا نظر آنا ضروری ہے تو سفید یا ہلکے رنگ کے شیشے بھی لگائے جاسکتے ہیں۔ دیوار پر الماریوں کے درمیان کھلی الماریاں مسالہ جات کے چھوٹے ڈبوں کے لئے بنائی جاسکتی ہیں۔ یا پھر مسالہ جات کے لئے چھوٹے پلاسٹک کے ڈبے کسی موزوں جگہ لگائے جاسکتے ہیں۔ پکانے کے چمچوں، کانٹوں وغیرہ کے لئے ایک خوبصورت لکڑی میں ہک لگائے جاسکتے ہیں۔ کٹلری کی درازیں بنائی جاتی ہیں۔ جھاڑو، وائپر اور صافی کے لئے بھی کسی الماری میں ہک لگائے جاسکتے ہیں۔

چھوٹے سامان کے لئے الماریوں کے دروازوں پر اندر کی طرف تار کے پلاسٹک چڑھے بریکٹ لگائے جاسکتے ہیں۔ آٹا رکھنے کے لئے اوپر کے ڈھکن والی الماری جس کے اندر جست یا ایلومینیم کی چادر لگائی گئی ہو۔ مناسب رہتی ہے۔

باورچی خانہ میں پانی کا استعمال زیادہ ہوتا ہے۔ اس لئے الماریاں، دیواریں اور فرش دھونے کے قابل ہوں اس کے لئے دیوار اور فرش پر موزائیک یا ٹائل مناسب رہتے ہیں۔ زیادہ نمی کی جگہ مثلاً سنک کے قریب فارمیکا، بجائے چپ بورڈ کے لکڑی پر لگانا بہتر ہے۔ باورچی خانہ میں کھانے کے لئے چھوٹی میز مع کرسیاں لگائی جاسکتی ہیں (حسب ضرورت) یا پھر اگر جگہ کم ہو تو کسی ایک دیوار پر بند ہونے والا تختہ بھی لگایا جاسکتا ہے۔ اس طرح سائیڈ کی الماری میں ایک اندر گھسنے والا تختہ لگایا جاسکتا ہے۔

باورچی خانہ میں بجلی کے آلات کے لئے سائیڈ میز کے ساتھ دیوار میں پلگ لگائے جائیں۔ فریج اور ڈیپ فریزر کے لئے پاور پلگ دینا ضروری ہے۔ چھت یا دیوار پر پنکھا لگانا چاہئے۔ پنکھا ایسے لگانا چاہئے کہ اس کی ہوا سے چولہا محفوظ رہے۔ اگر روشنی کم ہو تو سنک اور چولہے کے لئے سپاٹ لائٹ مہیا کی جاسکتی ہیں۔

باورچی خانہ میں کپڑے کے پردے لگانا مناسب نہیں۔ پلاسٹک کے سادہ یا سٹرپ والے پردے لگانا چاہئے جو آسانی سے صاف ہوسکیں۔ اگر نظارہ اچھا ہو تو پردہ نہ لگانا ہی بہتر ہے۔ ایک جدید باورچی خانہ میں دیوار کا ٹیلیفون اور کلاک وغیرہ لگانا بھی ضروری ہے۔ اگر جدید نہ بھی ہو تب بھی لگالیں تو کوئی مضائقہ نہیں بلکہ بہتر ہے۔

ڈرائنگ روم کا اندرونی منظر بھی پیش خدمت ہے۔

باورچی خانہ کا اندرونی منظر



ڈرائنگ روم کا اندرونی منظر



اکرام ضیف

حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی تحریر فرماتے ہیں۔

3/نومبر 1902ء کی شام کو ایک کشمیری حاضر خدمت تھا۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہمارے مہمانوں کو تکلف نہیں کرنا چاہئے۔ جو ضرورت ہو مجھے لکھ دیا جاوے۔ (اس کو لوگ وطن میں تنگ کرتے تھے۔ اس لئے فرمایا) جس کو لوگ خدا کے لئے تنگ کریں خدا تعالیٰ اس سے خوش ہوجاتا ہے۔

(الحکم 21 مئی 1924ء)

ن۔رفیق فوزی

عراق کی قدیم تہذیب

حضرت نوح کے سیلاب کا واقعہ آج سے پانچ ہزار سال قبل یعنی قریباً 3000 قبل مسیح رونما ہوا۔ سیلاب کے بعد حضرت نوح کے تینوں بیٹوں، سام، حام اور یافث کے ذریعے دنیا میں موجود نسلوں کا آغاز ہوا۔ موجودہ عرب قومیں سام کی اولاد میں سے ہیں، سیاہ فام نسل کی قومیں یعنی حبشی افریقی اور ملک ہند اور سندھ کے قدیم باشندے، حضرت نوح کے بیٹے حام کی نسل سے ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر سرخ و سفید نسل کی قومیں ہندو، یورپی وغیرہ حضرت نوح کے بیٹے یافث کی اولاد سے ہیں۔ سامی نسل کے لوگ دجلہ اور فرات کی وادیوں میں آباد ہوئے۔ عراق کے شمالی علاقے اکاد میں پروان چڑھنے والی قدیم قوموں میں آسیرین و بابیلین لوگ آج کی تاریخ کا حصہ ہیں۔ ان قدیم قوموں کے علاوہ ایک اور قوم سومیری نام سے پہچانی جاتی ہے۔ جس کا مسکن اگرچہ عراق کا جنوبی علاقہ ہے، مگر اپنی نسل اور زبان کے اعتبار سے سامی نسل سے کوئی علاقہ نہیں رکھتی۔ اس نسل کا ارتقاء حضرت نوحؑ سے بھی 500 سال قبل بتایا جاتا ہے۔

اب تک دریافت ہونے والے کھنڈرات کی وجہ سے ماہرین اسے دنیا کی قدیم ترین تہذیب کہتے ہیں۔ جس کی شناخت سومیری زبان اور میخی رسم الخط سے ہوئی ہے جو کہ آج تک محفوظ چلی آتی ہے اس تہذیب کی زبان انڈو۔ یورپی زبانوں کے خاندان سے قطعی مختلف ہے۔ بلکہ اس میں کسی قدر تورانی، فنش اور ہنگری زبانوں کا رنگ پایا جاتا ہے اور جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ فینو ہنگیرین زبان کا خاندان، انڈو، یورپی زبان کے خاندان سے قطعی مختلف ہے۔ اس کے ساتھ توران اس لئے ہے کہ پان تورانی تحریک کے دوران، فن لینڈ اور ہنگری نے توران کے ساتھ اپنے تعلق کو تسلیم کر لیا تھا، اصل میں توران سے مراد وہ قوم یا ایسی زبان بولنے والی قوم ہے جس میں قدیم ترکی یا ایرانی رنگ پایا جاتا ہو۔

زبانوں کے اس باہمی تعلق، ان کے ماخذ اور عراق کی قدیمیت کے بارہ میں حضرت مسیح موعود اپنی کتاب منن الرحمٰن میں فرماتے ہیں ’’اصل توریت عبرانی کتاب پیدائش آیت ایک میں یہ عبارت ہے، (یہی خل ہارص شفتہ آحت و وبریم۔ آحدیم۔ یعنی اور تھی تمام زمین ہونٹ ایک اور باتیں یکساں)۔ واضح ہو کہ اس تمام زمین سے مراد صرف بابل کی زمین نہیں ہو سکتی جو سنعار کے نام سے موسوم ہے، پس آیت مذکورہ کا مطلب یہ ہے کہ تمام وہ قومیں جو زمین میں رہتی تھیں۔ ان کی ایک ہی زبان تھی، اس وقت تک کہ ان میں ایک گروہ بابل نہیں پہنچا تھا۔ پھر بابل میں پہنچنے کے بعد خدا تعالیٰ نے ان کی زبانیں متفرق کر دیں اور زبانوں میں اختلاف یوں ڈالا گیا کہ بابل کے رہنے والے مختلف ملکوں میں نکال دیئے گئے۔ پھر فرماتے ہیں، چونکہ طوفان نوحؑ کے بعد خدا تعالیٰ کا ارادہ تھا کہ بہت جلد دنیا اپنی توالد و تناسل میں ترقی کرے۔ اس لئے قادر مطلق نے ایک مدت تک ان کو صحت اور امن کی حالت میں چھوڑ دیا تھا۔ تب وہ بہت بڑھے اور پھولے اور ایک خارق عادت کے طور پر ان میں ترقی ہوئی، تب بعض قوموں نے اپنے ملک میں گنجائش کم دیکھ کر سنعار کی زمین کی طرف جو بابل کی زمین تھی حرکت کی اور اس جگہ آ کر اس شہر کو آباد کیا اور تمام دنیا میں بولیوں کا تفرقہ پڑنے کا موجب بنے‘‘۔

حضرت مسیح موعود کے اس فرمان سے یہ بات پوری طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ بابل کی تہذیب جو قدیم عراق (عرب) میں شامل تھی قدیم ترین تھی اور وہاں بولی جانے والی قدیم زبان عربی تھی۔ لہٰذا سومیری زبان بھی انہی زبانوں میں شمار ہوتی ہے۔ جو بابل کی اصل زبان کے اختلاف کے بعد وجود میں آئی تھی۔

سومیری قوم

ابن حنیف اپنی کتاب دنیا کا قدیم ادب میں لکھتے ہیں تاریخی لحاظ سے عراق کو تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے یعنی شمالی، وسطی اور جنوبی عراق، تاریخی ادوار میں ان تینوں میں سے شمالی کو (اشوار)، وسطی کو (اکاد) اور جنوبی کو (بابل) کہا جاتا تھا۔ عراق کا جو علاقہ بعد میں ملک بابل کہلایا۔ اس سے قبل وہ سیاسی لحاظ سے شمال میں اکاد اور جنوب میں سومیری نامی دو ریاستوں پر مشتمل تھا۔ عراقی تاریخ کے طویل دور میں وہاں باہر سے بھی آ کر مختلف اقوام آباد ہوتی رہیں۔ گویا یہ ملک ازمنہ قدیم میں متعدد ایسی اقوام کا مسکن رہا ہے۔ جو تاریخ کے اوراق پر اپنے انمٹ نقوش ثبت کر گئی ہے۔

ان اقوام میں سومیری، سامی، غیر سامی، اکادی، بابلی اور اشوری شامل تھیں۔ سومیری تہذیب کا آغاز 5500 برس پہلے ہوا تھا ماہرین کا کہنا ہے کہ جنوبی عراق کی یہ تہذیب تاریخی دور سے بھی پہلے شروع ہو کر اپنی عروج کی انتہا تک پہنچی اور تقریباً تین ہزار برس تک تمام دنیا پر اپنی عقل و حکمت کے آثار ڈالتی رہی اور اتفاق کی بات یہ ہے کہ وہ تمام علاقے جو پرانی عراقی تہذیب کے حامل بنے وہ سب دجلہ و فرات کے قرب و جوار میں ہی آباد تھے، دریا کے نواح میں ہونے کی وجہ سے یہ علاقے اکثر سیلاب اور طوفان کی زد میں رہتے تھے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بار بار اجڑنے اور بسنے کے خوف سے اور سیلاب و افتاد سے بچنے کے لئے، انہوں نے مختلف طریقے اور ذرائع نکال لئے تھے، مثلاً شہروں کا بے شمار پھیلاؤ۔ باغات کی کاشت، علمی میدان میں سوجھ بوجھ اور ترقی۔ اس لئے یہ تمام طریقے کار اور ذرائع بار بار کے طوفان کو روکنے اور سیلابوں پر بند باندھنے کے لئے بہت مؤثر ثابت ہوئے۔ جنوبی عراق کا یہ خطہ جو اپنی تہذیبی بالادستی کی وجہ سے باقی عراق کے تمام علاقوں پر اثر انداز تھا، سیاسی لحاظ سے بھی مکمل بالادستی رکھتا تھا، اس خطے اور اس میں بسنے والی قوم کو 4000 قبل مسیح سے لے کر 2000 قبل مسیح تک سیاسی بالادستی رہی، گو کہ بیرونی حملہ آور ہر طرف سے اس علاقے کی اکھاڑ پچھاڑ میں رہے۔ مگر پھر بھی تہذیب کی ترقی میں فرق نہ آیا۔ آخر کار ایک لمبا عرصہ مسلسل ترقیات اور سیاسی بالادستیوں کے بعد اس خطے اور اس قوم کا زوال بابل کے تیسرے خاندان کے زوال کے ساتھ شروع ہو گیا۔

کھدائی کے دوران جب سومیری علاقوں میں، انسانی ڈھانچے اور کھوپڑیاں دریافت ہوئیں۔ تو ماہرین کی رائے میں وہ آرمینیائی اور بحیرہ روم کی نسلوں کے مرکب نکلے۔

بہت سے سکالر اس بات پر متفق ہیں کہ باقی دنیائے قدیم نے سومیریوں سے ہی فن تحریر کا خیال اپنایا تھا۔ جنوبی عراق کے ایک اہم ترین شہر (انوگ) سے اس زمانہ کے رسم الخط کے جو نمونے ملے ہیں۔ وہ تا حال دنیا میں سب سے قدیم معلوم نوشتے ہیں، اب تک کھنڈرات کی مدد سے جو ماہرین نے دریافت کئے ہیں ان میں سے اس تہذیب کی صدیوں پرانی تصویری تحریرات ڈھونڈ نکالی ہیں، جس سے یہ بات واضح ہے کہ دنیا میں سب سے پہلے اس قوم نے تصویرات کی مدد سے اپنے خیالات کو زبان دی۔ کچھ عرصہ قبل جنوبی عراق کے ایک قدیم تباہ شدہ شہر جو کھنڈر بن چکا ہے کی دریافت سے تقریباً ساڑھے چار ہزار برس پرانی تختیوں پر لکھا ہوا ادب دریافت ہوا ہے۔

مصنف جُرجی زیدان تاریخ تمدن اسلام میں لکھتے ہیں۔ اصطخری نے شہر بصرہ کی ایسی حالت بیان کی ہے، جس کا مطالعہ کرنے سے عقل چکرا جاتی ہے۔ ’وہ عبارت کچھ یوں ہے‘۔

بصرہ ایک بہت بڑا شہر تھا جو اہل عجم کے زمانہ میں نہ تھا اسے صرف اہل عرب نے آباد کیا۔ یہاں کنویں وغیرہ کا پانی نہیں ملتا تھا۔ بلکہ یہاں نہریں ہی نہریں ہیں۔ جن میں چھوٹی چھوٹی کشتیاں چلا کرتی تھیں۔ میں نے خود ان مقامات کو جا کر دیکھا۔ بعض جگہوں پر صرف ایک تیر کی مسافت میں کئی چھوٹی چھوٹی کشتیاں چلتی تھیں اور ہر ایک نہر کا نام بھی تھا، جو یا تو اپنے کھدوانے والے کی طرف منسوب ہوتی تھیں یا اس سمت کی جانب جدھر کو بہہ کر وہ گرتی تھیں۔

یہ حالت تو بصرہ کی تھی۔ اب بغداد کی طرف توجہ کریں جو کہ دارالخلافہ اور دارالسلام تھا۔ اس کی حالت کا بھی اصطخری نے ان الفاظ میں خاکہ کھینچا ہے جیسا کہ خود اس نے اپنے زمانہ یعنی ہجری کی چوتھی صدی میں معائنہ کیا تھا۔ وہ لکھتا ہے۔

’’دارالخلافہ کے محلات اور باغات بغداد سے نہر بین کی طرف، ایک قطار میں دو فرسخ تک برابر چلے گئے ہیں حتیٰ کہ نہر بین پر جا کر وہاں سے دریائے دجلہ کے کنارے سے اوپر کو ہو جاتی ہے اور پھر سماسیہ کی طرف جو تقریباً پانچ میل کے فاصلے پر ہے، دارالخلافہ سے جا ملتی ہیں۔ اس کے بعد وہ کہتا ہے۔

کہ بغداد کوفہ (یا دجلہ فرات) کے درمیان بڑی گنجان آبادی ہے۔ جس میں کچھ تمیز نہیں ہوتی اور دریائے فرات سے پھوٹ پھوٹ کر بہت سی نہریں اس کی طرف آتی ہیں اور سیراب کرتی ہیں۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ اصطخری نے بصرہ اور بغداد میں جو کچھ دیکھا۔ وہ سومیری قوم کی تہذیب کے ہی آئینے میں نظر آتا ہے۔ کیونکہ آبپاشی، زراعت، نہروں اور باغات کا سلسلہ سومیری قوم کی تہذیب فن اور معیشت میں بہت بڑا کردار ادا کرتے تھے۔

جنوبی عراق کی جو حالت اصطخری کے زمانہ میں تھی، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پہلے زمانہ میں بھی ان علاقوں کا یہی حال ہوگا۔

سومیری زبان کی دریافت

آئرلینڈ کے ایک ماہر لسانیات ایڈورڈ ہنکس نے 1850ء میں پہلی بار یہ دعویٰ کیا کہ میخی یعنی Cuneiform رسم الخط جسے اب تک سامی قوم کی ایجاد سمجھا جاتا تھا، یہ ان کی نہیں بلکہ اس کے موجد تو غیر سامی النسل کے وہ لوگ ہیں جو جنوبی عراق میں سامی قوم سے پہلے آباد تھے۔ بعد میں اس خیال کی تصدیق کرنے کو انگریز فوجی نے بہت طویل اور کٹھن مہم سر کی آخر کار اس میں کامیاب ہوا اور دنیا کے سامنے اس خیال کی شہادت پیش کر دی۔

ایک انگریز فوجی رالنسن متعین ایران انگریز فوج میں ملازم تھا۔ زبانوں کا ترجمہ کرنا اس کا ذاتی مشغلہ تھا۔ لہٰذا ایران میں فارغ اوقات کے دوران اس نے کچھ قدیم زبانوں میں صدیوں پرانے لکھے ہوئے کتبوں کو پڑھ کر تراجم کرنے کی کوشش کی۔ ان میں ایک تحریر جو اس کی اصل شہرت کا باعث بنی جو ہمدان کے قریب کوہ انوند پر ایک بے ستون کے بہت بڑے پتھر پر لکھی ہوئی ہے۔ شہنشاہ دارا اول نے یہ تحریر یا اسے کتبہ کہہ لیں 516 قبل مسیح میں کندہ کروایا تھا۔ دراصل یہ کتبہ جو ایک چھوٹی سی چٹان کی مانند ہے۔ اپنی ذات میں عجوبہ ہے۔

بادشاہ کی خواہش تھی کہ یہ مجسمہ اس انداز سے بنا کر پہاڑ پر بنا کر ٹکایا جائے۔ جہاں وہ انسانی ہاتھوں اور دوسرے مضرات سے محفوظ رہ سکے۔ بادشاہ کی ہی خواہش کے مطابق اس پر تین زبانوں کی تحریرات لکھی گئیں۔

لہٰذا اس کام کے لئے ایک پہاڑ کی چٹان پر 1200 مربع فٹ کا ایک قطعہ تیار کروایا گیا۔ کتبہ تیار ہونے کے بعد اس کے نیچے کی چٹان کے حصے کو کاٹ کر بالکل عمودی بنا دیا گیا۔ دیکھنے میں یہ کتبہ زمین سے سینکڑوں فٹ بلند ایک عمودی چٹان نظر آتا ہے۔ ہم سوچ سکتے ہیں پہاڑ کی چوٹی پر اس طریق سے نصب

شدہ کتبے کی تحریرات سینکڑوں برس بعد نقل کرنا کتنا کٹھن کام ہوگا۔ مگر یہ انگریز فوجی (رالنسن) اپنی دھن کا پکا نکلا، اس نے اپنی جان ہزار مشکلوں میں ڈال کر کبھی مچان بنا کر تو کبھی رسے سے لٹک لٹک کر، اپنی زندگی کو داؤ پر لگایا اور دو برسوں کی خطرناک محنت کے بعد یہ مہم بہت حد تک سر کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ 1835ء میں اس نے یہ کام شروع کیا اور 1837ء تک دو سو سطریں نقل کرنے میں کامیاب ہوگیا۔

اپنی جان جوکھوں میں ڈال کر اس نے اجنبی زبانیں تو نقل کرلیں۔ اب اگلا مرحلہ ان کو پڑھنے اور سمجھنے کا تھا۔ لہٰذا اس کام کے لئے اس نے کلاسیکی دور کے مصنفین اور قرون وسطیٰ کے ماہر ارضیات کی مدد لی اور ان کے تعاون سے ان سطروں کو کئی مقامات سے پڑھنے میں کامیاب ہوگیا، وہ یورپ کے دوسرے ماہرین کی میخی (Cuneiform) رسم الخط کے بارہ میں کی گئی تحقیقات سامنے رکھ کر آخرکار دو سو کی دو سو سطریں پڑھنے میں کامیاب ہوگیا۔

ان کو پڑھنے کے بعد 1844ء میں وہ دوبارہ باقی ماندہ تحریر نقل کرنے چل پڑا، آخرکار 1848ء تک اس ماہر لسانیات نے اس کتبے کی تینوں زبانوں کی نقول اور ترجمہ تیار کرکے Royal Asiatic Society کو بھجوا دیا۔

اس تحقیق سے اب ماہرین کے سامنے یہ بات واضح ہوگئی کہ اب تک تمام وہ نشانات جو اہل علم، ماہر لسانیات اور ماہر آثار قدیمہ اور کھنڈرات کی مدد اور محنت سے حاصل ہو چکے ہیں ان سب کی روشنی میں عراق کی بہت قدیم ترین قوم اور تہذیب کے بارہ میں ایک مکمل تصویر ابھر کر سامنے آگئی جو کچھ اس طرح تھی کہ جنوبی عراق میں بسنے والی قدیم ترین قوم کا نام سومیری تھا۔

17 جنوری 1869ء کا دن قدیم اقوام کے لئے بہت اہمیت رکھتا ہے۔ جہاں ایک علمی نشست میں جیولس اوپٹ نے انکشاف کیا کہ سامیوں سے قبل عراق میں ایک سومیری نام کی قوم آباد تھی۔

سومیری قوم کی اہم خصوصیات

قدیم عراق کی کھدائی سے دریافت ہونے والی ان تحریرات سے سومیری قوم کی چند ایک ممتاز خصوصیات ہمارے سامنے آئی ہیں۔ مثلاً

میخی یا پیکانی طرز تحریر کے موجد تھے۔

انہوں نے وسیع پیمانے پر ایک بہت ترقی یافتہ ادب تخلیق کیا۔

رزمیہ کہانیاں، اساطیر، نوحے، اقوال حکمت و دانشمندی، کہاوتیں الف لیلوی افسانے، یہ تمام ادب سومیری قوم کا ہی رہین منت ہے۔

پروفیسر سیموئل این کریمر کہتا ہے کہ آج کی تہذیب کے متعدد اہم خدوخال کے سوتے سومیری قوم اور سومیر سے ہی پھوٹے تھے۔ آج کا فلاسفر ہو یا استاد۔ مورخ ہو یا شاعر قانون دان ہو یا مصلح مدبر ہو یا سیاست دان، ماہر تعمیر ہو یا سنگ تراش، مجسمہ ساز ہوں یا پیکر تراش۔ کسی نہ کسی طرح ہر کسی نے سومیری تہذیب کا اثر ضرور لیا ہے۔

اس کھدائی کے عمل کے دوران ایک قدیم شہر 'اُر' نام کا نکلا جو کہ حضرت ابراہیم کی جائے پیدائش بتائی جاتی ہے۔ اس شہر کی کھدائی سے شاہی لوگوں کی قبروں سے بربط اور چنگ بنے ہوئے دریافت ہوئے۔ کھنڈرات سے ہزار ہا الواح ملی ہیں۔ جن پر مختلف نوعیت اور موضوعات پر فنی عبارتیں لکھی ہوئی تھیں۔ ان کو دیکھ کر لکھنے کا طریق کچھ اس طرح سمجھ آتا ہے کہ چکنی مٹی سے تختی تو بنالی جاتی ہوگی، پھر گیلی گیلی تختی پر قلم سے لکھ دیا جاتا ہوگا اور بعد میں تختی کو آگ میں پکا کر تختی اور تحریر کو محفوظ اور مضبوط بنا دیا جاتا ہے۔ کچھ عرصہ قبل تک ماہرین آثار قدیمہ کی محنت شاقہ سے نکالی ہوئی الواح میں سے استنبول اور فلاڈلفیا کی یونیورسٹیوں کے عجائب گھروں میں دو ہزار سے زائد الواح ترجمے کا انتظار کر رہی ہیں۔

1961ء تک صرف پانچ سو الواح ترجمے کے لئے پڑی ہیں۔ ان تراجم کو پڑھ کر ماہرین لسانیات کی رائے ہے کہ عراق کا ادب، دنیا کا سب سے قدیم ادب ہے اور ان کی تحریرات، خیالات اور نظریات دنیا کے قدیم ترین ہیں۔ ان کی تحریرات اور کھنڈرات سے اس قوم کی بہت سی ایجادات کا بھی علم ہوا ہے۔

سومیری قوم کی ایجادات

کمہار کا چاک، گاڑی کا پہیہ، کاشتکاری کا ہل، بادبانی کشتی، محراب، ڈاٹ، گنبد، جواہر تراشی، کیل کی جڑائی، دھات کا ٹانکا، کندہ کاری اور مرصع کاری بھی اس قوم نے شروع کی تھی۔

ان کھنڈرات سے اینٹیں بنانے والا سانچہ بھی دریافت ہوا۔ جس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ یہ قوم عمارتیں بنانے کی بہت شوقین تھی۔ چار ہزار برس پرانی تختیوں کی تحریر سے ترجمہ کرنے کے بعد یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ ان تحریرات میں زرگر، جواہر تراش، لوہار، چرم ساز، کپڑا صاف کرنے والے اور ٹوکری بنانے والے کا ذکر موجود ہے۔

حضرت مصلح موعود سورۃ الشعراء کی تفسیر بیان کرتے ہوئے بابل میں بسنے والی اقوام کے خواص اور دوسری دنیا پر ان کے تمدن کے ہونے والے اثر کے بارہ میں فرماتے ہیں کہ جس طرح آرین، رومن اور ایرانی ثقافت نے متمدن دنیا پر ایک گہرا اثر ڈالا اور سابق نظاموں کی جگہ ایک نیا نظام قائم کردیا اسی طرح بابلی تحریک جس کے بانی قوم عاد سے تعلق رکھنے والے تھے اس نے بھی دنیا کے کلچر اور تہذیب پر نہایت گہرا اثر ڈالا اور گو اس تحریک کے بانی کچھ عرصہ بعد سیاسی طور پر اپنی حکومت کو کھو بیٹھے اور اس کی جگہ دوسری اقوام نے لے لی۔ مگر ان کو شکست دینے والے ان کے فلسفہ سے آزاد نہ ہو سکے۔ یہ تحریک چونکہ انتہائی قدیم تحریک ہے۔ اس لئے موجودہ زمانہ میں اس کے آثار بہت کم ملتے ہیں۔ وہ قرآنی بیانات کی صداقت اور اس کی عظمت کو روشن کردیتے ہیں۔

عراق کا تابناک ماضی

الغرض گزشتہ کئی صدیوں سے یہ سرزمین یعنی عراق دنیا میں خوبصورتی علم و فضل حکمت و دانشمندی ہوش ربا طلسماتی محلات کی آرائش و زیبائش، شعر و سخن الف لیلوی قصے، کوہ قاف کے حیرت کدے۔ بابل کے باغات اور دیگر مختلف قسم کے حسن و جمال کا گہوارہ رہی ہے۔ اسی سرزمین نے دنیا کے سامنے انواع و اقسام کے معاشی و سماجی، تہذیبی، ثقافتی اور علمی مناظر رکھے ہیں۔ حالانکہ عراق ایک ایسی سرزمین گنی جاتی ہے جس کی شان و شوکت تباہ و برباد کرنے کے لئے بار بار مختلف اقسام کے طوفان ان پر نازل ہوئے۔ بغداد (عروس البلاد) کی لائبریریاں جو علم و فضل کی نادر کتابوں سے پُر تھیں۔ جن سے مغرب و مشرق سے آنے والے اپنے علم کی پیاس بجھاتے۔ مگر بغداد کے ساتھ ساتھ بہنے والے دجلہ و فرات جس کی فرحت بخش ہوائیں عراق کے طول و عرض کو معطر کئے رکھتی تھیں۔ مگر بیرونی دنیا سے اس کی یہ تابناکی دیکھی نہ گئی اور وہ علم حاصل کرنے والے نہیں بلکہ، اس کے کتب خانے جلانے کے لئے حملہ آور بن کر آئے اور اس حسین ملک کو بار بار تہس نہس کردیا۔ منگولیا سے آنے والے ہلاکو اور چنگیز خان نے یہی کتب خانے جلا کر راکھ کردیئے اور ان کی راکھ سے ان عظیم اور قدیم دریاؤں کا پانی اپنے شہری کی تقدیر کی طرح سیاہ ہو گیا۔

بلند و بالا عمارتیں بنانے والی قوم کی کھوپڑیوں سے مینار بنائے گئے۔

بار بار اس قوم کے ساتھ اس قسم کا سلوک ہوتا ہے۔ مگر کچھ ہی عرصہ بعد سینہ بہ سینہ چلنے والی، صلاحیتوں اور خداداد استعدادوں کے اثرات اس خون آلود مٹی کو پھر زرخیز کردیتے ہیں۔

مسئلہ سوچ طلب ہے کہ قدرت نے اس خطے میں کوئی خاص بات ضرور رکھ چھوڑی ہے کہ دور و نزدیک کے ممالک کی نظریں اس کی ترقی پر لگی رہتی ہیں۔

صبح کی برکات

حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب فرماتے ہیں:۔

آج کل عموماً نوجوان اہل مغرب کے تمدن کی تقلید میں صبح کو دیر سے اٹھتے ہیں۔ حالانکہ صبح کا وقت دو خاص برکتیں اپنے اندر رکھتا ہے۔

ایک تو (۔) (الذریت: 19) کے مطابق وہ استغفار کے لئے خاص وقت ہے۔

دوم۔ (۔) (بنی اسرائیل:79)۔ دوسرے اوقات کے قرآن سے زیادہ با برکت اور ثواب کا موجب ہے۔ فجر کا وقت پو پھٹنے کے پہلے اور سحر کا وقت فجر سے پہلے کا ہوتا ہے۔

(مضامین حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل جلد 2 صفحہ 887)

کوٹ ڈیجی میں قدیم تہذیب کے آثار

کوٹ ڈیجی، صوبہ سندھ کے ضلع خیر پور میں خیر پور میرس سے 15 میل کے فاصلے پر ایک چھوٹا سا قصبہ ہے۔ جہاں 26 فروری 1958ء کو ایسی قدیم تہذیب کے آثار برآمد ہوئے جو موہنجوداڑو کی تہذیب سے بھی تقریباً تین سو سال پرانے ہیں۔

کوٹ ڈیجی کے مقام پر جو آثار دریافت ہوئے ہیں وہ 600 فٹ طویل اور 400 فٹ عریض رقبے پر پھیلے ہوئے ہیں۔ یہ علاقہ دو حصوں میں منقسم ہے۔ ایک حصہ شہر پناہ اور قلعہ پر مشتمل تھا یہ حصہ 40 فٹ بلند ہے اور 500 فٹ لمبا اور 300 فٹ چوڑا ہے۔ یہاں شہر کا امیر طبقہ رہائش پذیر تھا۔

جبکہ دوسرا حصہ عوام الناس کے مکانات پر مشتمل تھا۔ جو مٹی کی اینٹوں سے بنائے گئے تھے اور جن کی بنیادیں پتھروں پر رکھی گئی تھیں۔

کہا جاتا ہے کہ موہنجوڈارو اور ہڑپہ کی تہذیبیں، جو کوٹ ڈیجی کی تہذیب کے بعد وجود میں آئیں اپنی متعدد رسوم و رواج اور علوم و فنون میں کوٹ ڈیجی کی تہذیب ہی کی رہین منت تھیں۔ اس بات کا ایک ثبوت یہ بھی ہے کہ موہنجوڈرو کے مقام سے برآمد ہونے والے برتنوں پر وہی نقش و نگار ذرا بہتر طور سے بنے ہوئے ہیں جو کوٹ ڈیجی کے کھنڈرات سے برآمد ہونے والے برتنوں پر بنے تھے۔

کوٹ ڈیجی کے آثار کی دریافت، آثار قدیمہ کی دنیا کی ایک اہم دریافت سمجھی جاتی ہے۔ یہ آثار 26 فروری 1958ء کو برآمد ہوئے تھے۔

(بقیہ صفحہ 3)

ہے کہ اس نے اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے طریقہ کاشتکاری اختیار کئے اور اپنی طرف سے جو کوشش ہو سکتی تھی اسے پایۂ تکمیل تک پہنچایا تو پھر وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے نظارے دیکھتا ہے کہ کس طرح زمین کی تاریکیوں میں اللہ تعالیٰ ایک بیج کو پالتا ہے اور دریاؤں کی موجوں سے بادل اٹھا کر اس کو سیراب کرتا ہے اور سورج کی کرنوں سے اور تمازت سے اس کی فصل کو تیار کرتا ہے اور پھر لہلہاتے ہوئے خوشنما کھیت اس کے سامنے نظر آتے ہیں اور سخرنا لکم کا منظر اس کے سامنے آتا ہے۔ تو پھر وہ یہ محسوس کرتا ہے کہ میری ایک حقیر کوشش کے نتیجہ میں سینکڑوں گنا اناج اور سبزی اور پھل کی صورت میں اللہ تعالیٰ نے دیا ہے تو پھر وہ عجز اور انکسار اور نیستی اور تذلل کے رنگ میں یہی محسوس کرتا ہے کہ یہ سب کچھ اسی کا ہے میرا کچھ نہیں اور عبادی الصالحون میں داخل ہو جاتا ہے اور یہ صالحین، اللہ کی زمین کے حقیقی وارث ہوتے ہیں۔

(الفضل 21 جولائی 1968ء ص نمبر 4)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 71821 میں فوزیہ یاسمین

بنت ملک مشتاق احمد قوم کھوکھر پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 99 شمالی ضلع سرگودھا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-06-18 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ فوزیہ یاسمین۔ گواہ شد نمبر 1 لقمان احمد سلطان گواہ شد نمبر 2 ڈاکٹر سجاد احمد

مسل نمبر 71822 میں بشریٰ مبشر

بنت مبشر احمد بسراء قوم بسراء پیشہ خانہ داری عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 99 شمالی ضلع سرگودھا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-06-13 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیورات بوزن 23.250 گرام مالیتی -/27,900 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ بشریٰ مبشر۔ گواہ شد نمبر 1 لقمان احمد سلطان۔ گواہ شد نمبر 2 ڈاکٹر سجاد احمد

مسل نمبر 71823 میں سعدیہ نور

زوجہ ندیم احمد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کمبوہ کالونی ضلع سرگودھا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-06-23 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/3 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر اداشدہ بصورت زیور بوزن 141 گرام 300 ملی گرام مالیتی -/152000 روپے (2) طلائی زیورات بوزن 59 گرام مالیتی -/60000 روپے۔

اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/3 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ سعدیہ نور۔ گواہ شد نمبر 1 ندیم احمد۔ گواہ شد نمبر 2 عمران شہزاد

مسل نمبر 71824 میں محمد اصغر محمود

ولد ملک محمد اکبر قوم اعوان پیشہ ملازمت عمر 44 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ڈنڈوت آر ایس ضلع جہلم بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-07-01 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000+6000 روپے ماہوار بصورت ملازمت+ کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد اصغر محمود۔ گواہ شد نمبر 1 فرحت علی۔ گواہ شد نمبر 2 محمد نعیم

مسل نمبر 71825 میں نعیمہ سیف اللہ

